وزیر اعظم نے امریکی صدر سے گفتگو کی

11 دسمبر، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج امریکی صدر عزت مآب ڈونالڈ ٹرمپ سے بات چیت کی.

دونوں رہنماؤں نے بھارت-امریکا باہمی تعلقات میں مستحکم پیش رفت کا جائزہ لیا اور اہم علاقائی و عالمی ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا.

وزیر اعظم مودی اور صدر ٹرمپ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بھارت اور امریکا عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کو آگے بڑھانے کے لئے مل کر کام جاری رکھیں گے.

ایکس پر کیے ایک پوسٹ میں جناب مودی نے لکھا:

"صدر ٹرمپ کے ساتھ انتہائی والہانہ اور دلچسپ گفتگو ہوئی. ہم نے اپنے دوطرفہ تعلقات کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور علاقائی و بین الاقوامی ترقیات پر بات چیت کی. بھارت اور امریکا عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے باہمی تعاون جاری رکھیں گے."

realDonaldTrump@

”POTUS@

نئی دہلی
11 دسمبر، 2025